از دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ کینٹ

## نوٹس نیلام ٹھیکہ زرعی اراضی واہ کینٹ

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ واہ میں اپنے ملکیتی درج ذیل زرعی اراضی برائے عرصہ ایک سال 2022-2023 کاشتکاری کیلئے ٹھیکہ پر دے گا۔ نیلام عام ٹھیکہ جات مورخہ 01-08-2022 بوقت دن گیارہ بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ میں ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی ٹھیکہ جات تاریخ مقررہ پر نہ ہوسکی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 02-08-2022 جبکہ سہ بارہ مورخہ 03-08-2022 کو ہوگی تفصیل اراضی و شرائط نیلامی درج ہیں۔

### تفصیل زرعی اراضی:۔

| سیریل نمبر | سروے نمبر | علاقہ | پلاٹ نمبر | رقبہ پلاٹ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 55 | نزد سلاٹر ہاوس | 2 | 68 کنال |
| 2 | " | " | 3 | 44 کنال |
| 3 | " | " | 4 | 18.3 کنال |
| 4 | " | " | 5 | 24 کنال |
| 5 | " | " | 6 | 110 کنال |
| 6 | " | " | 7 | 32 کنال |
| 7 | " | " | 8 | 09 کنال |
| 8 | " | " | 9-A | 50 کنال |
| 9 | 94 | نزد اتوار بازار | 1 | 98 کنال |
| 10 | " | " | 2 | 100 کنال |
| 11 | " | " | 2-A | 75 کنال |
| 12 | " | " | 3 | 131 کنال |
| 13 | 107 | ایریا 26 | 1 | 162 کنال |
| 14 | 97 | ایریا 21 | 1 | 20 کنال |
| کل رقبہ | | | | 941.30 کنال |

### شرائط نیلامی:

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے سے قبل بولی دہندہ کو مبلغ -/-/1,00,000 روپے زر ضمانت بصورت کال ڈپاذٹ / بینک ڈرافٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر جمع کرانا ہوگی۔ جو کہ کامیاب بولی دہندگان کے علاوہ باقی افراد کو موقع پر ہی واپس کردی جائے گی۔

۲۔ بولی دہندہ کو بولی کے وقت اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرانا ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم ٹھیکہ حاصل کرنے سے قبل یکمشت جمع کرانی ہوگی۔ اور اپنے خرچ پر سب رجسٹرار سے معائدہ برائے حقوق پٹہ داری مابین کنٹونمنٹ بورڈ اور بولی دہندہ کے رجسٹرڈ کرانا ہوگا

۳۔ پٹہ سے متعلق معائدہ بولی منظور ہونے کے بعد 30 دن کے اندر اندر کرنا ہوگا۔ بولی منظور نہ ہونے کی صورت میں بولی کی تمام رقم واپس کردی جائے گی۔

۴۔ پٹہ کی مدت کے دوران زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ سات دن کا نوٹس دے کر پٹہ منسوخ کردے۔ ایسی صورت میں معائدہ کی کل رقم اداشدہ سالانہ کرایہ پٹہ سے زائد نہ ہوگی۔

۵۔ دو یا دو سے زیادہ بولی دھندگان میں تنازع پیدا ہونے کی صورت میں نیلام دوبارہ متنازع بولی کی رقم سے شروع کی جائے گی۔

۶۔ بولی دہندگان پر PPRA قوانین کا اطلاق ہوگا جو کہ PPRA کی ویب سائیٹ پر ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

۷۔ PPRA قوانین یا حقوق پٹہ داری معائدہ کی خلاف ورزی کرنے پر جمع شدہ زر بعیانہ کی رقم بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

۸۔ ٹھیکہ کی مدت ایک سال کیلئے ہے۔ جس کے بعد کنٹونمنٹ بورڈ اس کو دوبارہ نیلام کریگا اور ٹھیکہ کی مدت میں اضافہ / تجدید ممکن نہیں ہے۔

دیگر معلومات / تفصیلات نیلام اراضی بابت نیلام عام دفتر ھذا میں دوران اوقات کار حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
واہ چھاؤنی

کاپی برائے:

۱۔ اسٹیشن ہیڈ کوارٹر واہ کینٹ
۲۔ نوٹس بورڈ واہ کینٹ